Dua Ali
دعا علی
مرِ روح
شاعری الفاظ کا وہ جادو ہے جس میں
جذبات واحساسات کا ٹھاٹھیں مارتا
سمندر موجزن ہوتا ہے یہ ایک منفرد
فن ہے جو نرم وگداز اور توانا لہجے کی
بدولت دلوں میں اترنے کا ہنر جانتی
ہے اور روح کی تسکین کا سبب بنتی
ہے ۔

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

نام کتاب.............روحِ من

شاعرہ..................دعا علی

کمپوزنگ.................دعا علی

تاریخ اشاعت...13 نومبر 2023

دعا علی


www.duaalipoetry.com

duaali.poet@gmail.com

# فہرست


1. روحِ من
2. اُس نے کہا
3. گواہی دو
4. چاندنی
5. رونا اچھا لگتا ہے مجھ کو
6. بے سبب ہی روٹھ جاتی ہو
7. کبھی سوچا ہے تم نے
8. یہ قصہ
9. بھیگی پلکیں
10. بے حسی درد کی
11. اظہار
12. ہر پل ستاتی ہے
13. اک نظم کی مالا
14. کیسا دستور ہے؟
15. محبت ایسا بادل ہے
16. محبت
17. محبت نام ہے اسکا
18. جلے سب خواب
19. ہمارے خواب
20. ادھوری کہانی
21. کسی دن آؤ چپکے سے
22. میں کیا لکھوں
23. سنو جاناں


دعا علی


www.duaalipoetry.com
duaali.poet@gmail.com

کہتا تھا مجھ کو وہ روحِ من
میں تیرا ہوں تیرا ہی رہوں گا
کبھی جانم کبھی جانی
کبھی سجنی کبھی دلربا
کبھی اے پگلی
کبھی میری زندگی
کبھی جاناں
ہر نام سے مجھ کو
کرتا تھا مخاطب

روحِ من

دعا علی

www.duaalipoetry.com
duaali.poet@gmail.com

05

میں کہتی

مجھے اتنے ناموں سے

کیوں بلاتے ہو؟

ہنس کر وہ بس یہ کہتا

تمھیں محبت کے سبھی

ناموں سے

مخاطب کرنا چاہتا ہوں

تاکہ تم میری محبت کے حصار

سے کبھی باہر نہ آسکو

لیکن۔۔۔!!

پھر بھی تنہا چھوڑ گیا

وہ مجھ کو مکمل توڑ گیا...!!!

DUA ALI POETRY | DUA ALI POETRY

کل شب اُس نے کہا دعا تم
اپنی آنکھیں بند کرو تم
تمہارے پیار کا حصہ دوں گا
پیارا سا اک بوسہ دوں گا
میں نے کہا
خواب دکھانا چھوڑ دو مجھ کو
ایسا نہ ہو توڑ دو مجھ کو
پیار نہیں ہو دھوکہ ہو تم
خشک ہوا کا جھونکا ہو تم

دعا علی

اُس نے کہا تھا

پیار سے تم کو پاس رکھوں گا

دل میں تمہاری آس رکھوں گا

میرے دل کی دھڑکن تم ہو

میرا پیارا جیون تم ہو

قدم قدم پر ساتھ چلیں گے

دنیا والے ہاتھ ملیں گے

دنیا تم پر واروں گا میں

تم جیتو گی ہاروں گا میں

میں نے کہا تھا

دل میں تمہاری یاد اُتاری

تم نے میری ذات سنواری۔۔۔۔!

دعا علی

08
گواہی دو
سنو اے شاہِ دل میرے
مری تم بھی گواہی دو
مرے دل کے امیں تم ہو
تمھاری چاہتوں پر ہے یقیں مجھ کو
یقیں کی تم گواہی دو
میں لفظوں کی جو مالا سی پروتی ہوں
تمھاری یاد میں لپٹے مرے الفاظ روتے ہیں
درونِ ذات میں بھی سسکیاں مچلتی ہیں
میں جس دکھ میں تڑپتی ہوں
تمھارا درد ہے جاناں
مرے من میں گواہی دو
سنو اے شاہِ دل میرے
تم بھی گواہی دو۔۔۔۔!
روحِ من
دعا علی
DUA ALI POETRY
DUA ALI POETRY
www.duaalipoetry.com
duaali.poet@gmail.com

09
چاندنی
مجھے وہ چاندنی بھولی نہیں اب تک
ترے آنے پہ کھل کر جو برستی تھی
تجھے تکتا تھا چندا بھی
شجر کی اوٹ سے اکثر
مگر تو اپنی قسموں کو وفا کرنے
نبھانے اپنے وعدوں کو
چلا آتا تھا میرے پاس
مگر اک دن مرے زانوں پہ سر رکھ کر
عجب مژدہ سنایا تھا
روحِ من
دعا علی
DUA ALI POETRY
DUA ALI POETRY
www.duaalipoetry.com
duaali.poet@gmail.com

جسے سن کر مری سانسیں
اچانک رک گئیں تھیں
اور لہو کی رو ہوئی تھی تیز
مری آنکھیں بھی غم آمیز تھیں
کہ لرزے تھے ترے لب بھی
بڑی مشکل سے یہ جملہ ادا
تو نے کیا تھا ناں
ملن یہ آخری ہو گا
جدائی کی گھڑی ہے یہ
ہماری چاندنی راتیں
اکیلے میں بسر ہونگی
ہمیں اب ایک دوجے کی
بڑی مشکل خبر ہوگی۔۔۔!

DUA ALI POETRY
DUA ALI POETRY
www.duaalipoetry.com
duaali.poet@gmail.com

11
رونا اچھا لگتا ہے مجھ کو
ہوتی ہیں جب بھی
میری آنکھیں غم سے بوجھل
رونا اچھا لگتا ہے مجھ کو
داغِ جدائی دھوتی ہوں میں
چپکے چپکے روتی ہوں میں
اس نے پیار سے آنسو پونچھے
دے کے دلاسہ بولا وہ
رونا اچھی بات نہیں ہے
غم کی کوئی اوقات نہیں ہے
تیری اُداسی دیکھ نہ پاؤں
میں بھی تجھ سنگ روتا جاؤں
دیکھ کے جانم
تیرے آنسو تیری آنکھیں
رک جاتی ہیں میری سانسیں
روحِ من
دعا علی
DUA ALI POETRY
DUA ALI POETRY
www.duaalipoetry.com
duaali.poet@gmail.com

کیسے دل کا حال بتاؤں
کیسے تجھ کو میں سمجھاؤں
مجھ سے خوشیاں روٹھ گئی ہیں
میری سکھیاں چھوٹ گئی ہیں
پیار سے اُس نے دیکھا مجھ کو
پہلے سمجھا پرکھا مجھ کو
اپنے سر پر ہاتھ رکھا پھر
کھا کر قسمیں بولا مجھ سے
تجھ کو سچا پیار میں دوں گا
تجھ پر دنیا وار میں دوں گا
بات میں اسکی جادو سا تھا
روتے روتے ہنسنے لگی میں۔۔۔!!

دعا علی

www.duaalipoetry.com
duaali.poet@gmail.com

کہا اس نے
دعا یوں بے سبب ہی
روٹھ جاتی ہو جو تم مجھ سے
مری نیندیں بھی
مجھ سے روٹھ جاتی ہیں
سکوں برباد کرتی ہو
نہ جانے کیوں مجھے اتنا ستاتی ہو
مجھ تم سے محبت
حدِ امکاں سے بھی بڑھ کر ہے
بتاؤ تم کمی محسوس کرتی ہو
بھلا کیا میری الفت میں

دعا علی

DUA ALI POETRY

ستارے چاند اور جگنو

یہ پھولوں کے حسیں چہرے

گواہی دے رہے ہیں سب ہماری ہی محبت کی

خدارا مان جاؤ تم

نہ یوں روٹھی رہو مجھ سے

یہ جگنو جو تمہاری ان حسیں پلکوں پہ روشن ہیں

تمھاری بھیگی آنکھوں میں گلابی سے جو ڈورے ہیں

یہ سُرخی جو تمھارے ان حسیں گالوں پہ پھیلی ہے

مری اُلفت کی حدت ہے

مری چاہت کی شدت ہے

نہ یوں مجھ کو ستاؤ تم

خدارا مان جاؤ تم۔۔۔!!!

# کبھی سوچا ہے تم نے؟

مرے سائیں!
کبھی سوچا ہے تم نے
کونسی چیزوں کو
رکھتی ہوں میں حرزِ جاں؟
چلو، میں خود بتا دیتی ہوں
بھاتی ہے مجھے مہندی
گنگنانا
شعر کہنا، مسکرانا
کتابوں کی حسیں وادی میں جانا
اور بارش میں نہانا

دعا علی


www.duaalipoetry.com
duaali.poet@gmail.com

مجھ کو بھاتے ہیں گھنے جنگل
مری، کاغان اور نتھیا گلی کے اونچے لانبے پیڑ
بھلی لگتی ہیں مجھ کو رقص کرتی تتلیاں
مجھے مرغوب ہیں موروں کے پنکھ
سفیدی میں نہائی بلبلاں
خرگوش، پانی پیتے بگلے
اور اُڑتے اُڑتے طائروں کی ٹولیاں
(جو مجھے لگتی ہیں میری خوش نوا ہم جولیاں)
مجھ کو بھاتی ہیں سُریلی کوئلوں کی راگنی
صبح دم چہکار چڑیوں کی

کھینچتی ہیں مجھ کو
جھیلیں اور پہاڑ
اور کہساروں کی گونج
بارشوں کے بعد نیلا آسماں
اور مجھے مرغوب ہیں سائیں!
دل گرفتہ، سرمئی شامیں
جو نارنجی شفق کو اوڑھتی ہیں
چھپ کے روتی ہیں
سسکتی ہیں

دعا علی

مرے سائیں!
مری آنکھوں کو بھاتے ہیں، گھنے برگد
سمندر کا حسیں ساحل
صدف، موتی
سمندر اور دریا، جھیل، جھرنے، ندیاں
اُفق میں ڈوبتے سورج کا منظر
بھلے لگتے ہیں مجھ کو
آسماں پر تیرتے بادل
بارشوں کے بعد رنگوں کی دھنک
اور چاندنی راتیں
خموشی
رس رسیلی داستانیں

www.duaalipoetry.com
duaali.poet@gmail.com

گیلی مٹی کی مہک
مسحور کرتی ہے مجھے
خمیدہ پیڑ
مرجھائے ہوئے پتے
سب مرے دل کے قریں ہیں
مرے سائیں!
مجھے بھاتے ہیں سب رشتے نبھاتے
خوب صورت لوگ
بوڑھے، مسکراتے چہرے
وہ چہرے
جن میں ہیں مستور
ماضی کے حسیں قصے

دعا علی

www.duaalipoetry.com
duaali.poet@gmail.com

مجھے بھاتی ہے
مدھم لو پرانے لالٹینوں کی
بلاتی ہیں مجھے اپنی طرف
گاؤں کی وہ پگڈنڈیاں
اور وہ دیہات کے کچے
غبار آلود ویراں راستے
محبت سے مجھے تکتا ہے
پیپل کا مقدس پیڑ
اور وہ چھتنار برگد
نیم کے پیڑوں کی
ٹھنڈی چھاؤں بھی مجھ کو بلاتی ہے

دعا علی

مرے سائیں!

مجھے برفاب موسم اچھا لگتا ہے

مجھے مرغوب ہے برفاب پانی

برف میں ڈوبا ہوا فالودہ

سردی میں لرزتے لب

وہ بجتے دانت

ٹھنڈی ٹھار راتیں

مجھے بھاتی ہے ٹھنڈی دوپہر

اور صبح کی پہلی کرن

دعا علی


www.duaalipoetry.com

duaali.poet@gmail.com

میری آنکھوں کو
طراوت بخشتے ہیں
لہلہاتے کھیت
کھیتوں میں لگا پانی
روپہلی پہلی بارش
مجھ کو بھاتی ہے
جو بھر جاتی ہے سارے گھر کو
سوندھی سوندھی خوشبو سے
بجھاتی ہے جو تشنہ لب
زمیں کی پیاس کو سائیں!

روحِ من

دعا علی

www.duaalipoetry.com
duaali.poet@gmail.com

پرانے گیت میرے دل کو بھاتے ہیں
بابا بلھے شہ کی کافی
ریشماں اور عابدہ پروین کے نغمے
اور وہ نصرت علی کی منقبت
سب مجھے مرغوب ہیں سائیں!
مجھے محبوب ہے
سب ننھے بچوں کی شرارت
بوڑھے چہروں پر
سجی ہر مسکراہٹ

دعا علی

گول گپے مجھ کو بھاتے ہیں
گھولتی ہے منہ میں
رس کشمیری چائے
اور جلتی لکڑیوں کے
چولہے پر بنتی وہ گُڑ کی میٹھی چائے
روح کو سیراب کرتی ہے
مساجد کی اذاں
جمعے کا خطبہ
خوش نوا قاری کی قرأت
خانہ کعبہ کا طواف

www.duaalipoetry.com
duaali.poet@gmail.com

مری خواہش ہے، اے سائیں!
میں تاروں سے کروں باتیں
مرے آنگن میں ہر دم
کرمکِ شب تاب چمکیں
رات کی رانی کھِلے
موتیا، چنبیلی مہکے
سب مرے کمرے کو بھر دیں
خوشبوؤں کے سیل سے
ادھ کھُلے غرفے سے
مجھ کو چوری چوری دیکھے چاند

دعا علی

www.duaalipoetry.com
duaali.poet@gmail.com

مجھے مرغوب ہے، سائیں!
ترے کاندھے پہ اپنا سر ٹکائے
گفتگو کرنا
ترے لہجے کے دھیمے پن میں کھو کر
پریم کے سنگیت بُننا
اور ترے ہونٹوں سے
"سجنی، جانیا" اور "جان و روح من" کے
سندر بول سننا
اور اگر ہو ہجر کا موسم
تو کالی رات کی آغوش میں
چپ چاپ تم کو سوچنا، سائیں۔۔۔!!

دعاعلی

ستم گر، مقدر ستم ہو
مقابل تمھارے میرا دل
چلو تم بڑھا دو ستم اب
ذرا تم سنبھل کے
یہ آنسو یہ راتیں
لرزتی برستی
یہ بارش گرا دو
ازل سے تھکا ہے
جو دل یہ
دعا تم یہ قصہ بھلا کر
تھکا دل جلا دو۔۔۔!!!

دعا علی

www.duaalipoetry.com
duaali.poet@gmail.com

تیرے در تک
میرا آنا سر جھکانا
ابتدا تھی
اسکا لہجہ سرد لہجہ
دل یہ ٹوٹا
بھیگی پلکیں
غم کا دریا
یہ محبت
اک عبادت اک ریاضت
بنی تماشا انتہا تھی۔۔!!!

دعا علی

www.duaalipoetry.com
duaali.poet@gmail.com

# بے حسی درد کی

ہر گھڑی وحشتیں
دل مرا بد گماں
بے حسی درد کی
فصل غم کیا لکھوں
رونما حادثہ
آنکھ سے روح تک
درد کی جست ہے
یہ بدن روٹھ کر
آگ میں ڈال کر
آخری حد تلک
آن پہنچی ہوں میں
یہ کہانی ہے اور
اس کہانی میں ہے
ہر دعا منتشر۔۔۔!!!

روحِ من

دعا علی

www.duaalipoetry.com
duaali.poet@gmail.com

ایک مدت ہوئی اپنے جذبات کو
میں نے قرطاس پر یوں اتارا نہ تھا
میں نے کھولی کتاب آپ کی
اور پڑھنے کو بیٹھی تو ایسا ہوا
میرے الفاظ نظموں میں ڈھلنے لگے
آپ میرے تخیل میں شاید کہیں
جاگزیں اک زمانے سے تھے
میرے دل میں بسی آرزو کی طرح
آپ کے سب ہی لفظوں کی جادو گری
لحظہ بھر میں مری روح میں
قلب میں یوں اترنے لگی

دعا علی

www.duaalipoetry.com
duaali.poet@gmail.com

میرے دل نے کہا مجھ سے
اے بے خبر!
بات سن تو مری غور سے
کیا ہوا ہے تجھے یہ بتا تو سہی
اور میں
ایک بُت کی طرح
دیر تک ہاتھ میں وہ کتاب آپ کی
لے کے بیٹھی رہی
بھوری آنکھیں مری
جیسے پتھرا گئیں
بن کے پتھر کا بت دیکھتی ہی رہی

دعا علی

www.duaalipoetry.com
duaali.poet@gmail.com

اور پھر یوں ہوا آپ کے خال و خد
جیسے صفحات پر یوں اتر آئے ہوں
میرے چاروں طرف نقرئی روشنی
رقص کرنے لگی
پھر تو میرے خیالوں میں جان آگئی
اور ایسا لگا جس طرح آپ نے
چھو لیا ہو مجھے
گرم ہاتھ اپنا رکھا مرے ہاتھ پر
میری آنکھوں میں اک روشنی جیسے بھرنے لگی
اور میں آپ کے بازوؤں میں پناہ
ڈھونڈنے لگ گئی
آپ کے لمس سے آپ کی سانس سے
مری سوچوں میں بھی
اک مہک سی اترنے لگی

دعا علی

www.duaalipoetry.com
duaali.poet@gmail.com

مری پلکوں پہ خوشیوں کے سو دیپ جلنے لگے
اور پھر آپ میرے تخیل میں
بھرنے کو رنگ آ گئے
روزِ روشن کی مانند
اب یہ یقیں ہو چلا تھا مجھے
آپ مجھ میں سرایت
اس انداز سے کر چکے ہیں
میں اس وقت انمول شے ہو گئی تھی
اور آخر دعا
اس محبت کو میں
اک مقدس صحیفہ سمجھتے ہوئے
آپ کو چاہنے لگ گئی۔۔۔۔!!!

دعا علی

وہ لڑتی ہے جھگڑتی ہے
مجھے ہر پل ستاتی ہے
یوں اپنے ہونے کا احساس
وہ مجھ کو دلاتی ہے
مگر میں اس کی ہر کڑوی
کسیلی بات سن کر بھی
سدا خاموش رہتا ہوں
جواباً کچھ نہیں کہتا
میں اس کی تلخ باتوں کو
تبسم میں چھپاتا ہوں
بہت ہنستا ہنساتا ہوں
سو یہ اظہار کرتا ہوں
میں اس سے پیار کرتا ہوں۔۔۔!!!

دعا علی


www.duaalipoetry.com
duaali.poet@gmail.com

میرے دل کی تمنا ہے
کہ تم میرے لیے اک دن
حسین لفظوں کے گلشن سے
پرولاؤ کبھی اک نظم کی مالا
حسیں ہو نظم بھی ایسی
کہ جس کی شان کے آگے
نہ ٹھہرے حُسنِ شہ پارہ
میرے دل کی تمنا ہے
کہ تم میرے لیے اک دن
پرولاؤ دعا اک نظم کی مالا...!!!

دعا علی

DUA ALI POETRY
DUA ALI POETRY
www.duaalipoetry.com
duaali.poet@gmail.com

# کیسا دستور ہے؟

کیسا یہ دستور ہے سائیں
سانس لینا مشکل ہے اور
جسم غموں سے چور ہے سائیں
مجھ کو پھر بھی جینا ہو گا
زہر غموں کا پینا ہو گا
دیکھو کیا کیا کرتی ہوں میں
تم پر کتنا مرتی ہوں میں۔۔۔!!!

دعا علی

# محبت ایسا بادل ہے

محبت ایسا بادل ہے
برستا ہے کبھی مجھ پر
کبھی جھلساتا ہے مجھ کو
کبھی ٹھنڈک سے راحت دے
کبھی غم کی اذیت دے
کبھی آنچل بنا ہے وہ
کبھی میری سزا ہے وہ
کبھی مجھ کو بھگوتا ہے
کبھی مجھ میں سموتا ہے
جسے بادل کہا میں نے
تمھارا نام ہے دوجا....!!!

روحِ من

دعا علی

DUA ALI POETRY
DUA ALI POETRY
www.duaalipoetry.com
duaali.poet@gmail.com

# محبت

میں جو اس کی محبت میں
گم ہوئی
ہوا محسوس مجھ کو یہ دعا
دھیان میرا اب کسی سمت
جاتا ہی نہیں
دل کو اب اور کچھ بھی تو
بھاتا ہی نہیں
اب اسی کے سوا نظر کچھ
آتا ہی نہیں۔۔۔!!

دعا علی

لبوں کو کھولنا ہو گا
کہ اب سچ بولنا ہو گا
جگر پر وار کر بیٹھی
اچانک پیار کر بیٹھی

وہ پگلا ہے وہ جھلا ہے
مگر من کو وہ بھاتا ہے
غموں سے چور ہوتی ہوں
جو اس سے دور ہوتی ہوں

دعا علی

www.duaalipoetry.com
duaali.poet@gmail.com

میں اُس بن رہ نہیں سکتی
بہت مجبور ہوتی ہوں
اُسے میں خواب میں پا کر
بڑی مسرور ہوتی ہوں
وہ جب بھی دور جاتا ہے
بہت رنجور ہوتی ہوں
محبت نام ہے اِسکا
یہی تو کام ہے اِسکا۔۔۔!!!

دعا علی

41
جلے سب خواب
سوال اُس نے کیا مجھ سے؟
بتاؤ تو بھلا کیسی تھیں وہ آنکھیں
کہ جن میں کھو گئی ہو تم
کہ سدھ بدھ ہی گنوا بیٹھی
حواس اپنے لُٹا بیٹھی
کہا میں نے یہ ہولے سے
بتاؤں کیا میں ان آنکھوں کے بارے میں
میں جن میں ڈوب کر خود کو
بھلا بیٹھی میں سدھ بدھ ہی گنوا بیٹھی
وہ آنکھیں تو میرے سائیں کی آنکھیں تھیں
وہ آنکھیں تھیں حسیں ایسی
کبھی ان مست آنکھوں میں
گلابی ڈورے ہوتے تھے نشیلے سے
روحِ من
دعا علی
DUA ALI POETRY
DUA ALI POETRY
www.duaalipoetry.com
duaali.poet@gmail.com

کہ میں سرشار ہو جاتی
کبھی ان میں سمٹ آتی تھی جیسے آگ کی سرخی
کہ میرے دل کی دھڑکن رک سی جاتی تھی
میں جیسے سہم سی جاتی
ڈھلکتے رہتے گالوں پر میرے آنسو
مجھے ہر حال میں پیاری تھیں وہ جادو بھری آنکھیں
تپش تھی اس کی آنکھوں میں
کچھ ایسی ہی کہ میں سدھ بدھ گنوا بیٹھی
وہ آنکھیں خواب ہو کر رہ گئیں اب تو
وہ سرشاری بھی اب تو میں گنوا بیٹھی
نہ سہہ پائیں مری آنسو بھری آنکھیں
سبھی جلتے ہوئے آنسو بہے میرے
جلے سب خواب ہی میرے۔۔۔!!!

دعا علی


www.duaalipoetry.com
duaali.poet@gmail.com

مرتے نہیں ہیں خواب یہ اپنے
ہماری روح میں یہ
سانس لیتے ہیں
سہانے خواب ہوتے ہیں
ہماری روح سے جڑ کر
کئی سپنے دکھاتے ہیں
جھلستی دھوپ ہو
کالی گھٹائیں گھر کے آتی ہوں
ٹھٹھرتی رات میں ہر دم
تری یادیں ستاتی ہوں
سرابوں سے بھرے موسم
کبھی مرتے نہیں ہیں خواب یہ اپنے

دعا علی

www.duaalipoetry.com
duaali.poet@gmail.com

کسی کی نرم سی چاہت
وہ لمحے ساحلوں پر ہاتھ تھامے
جو ہم تم ساتھ چلتے تھے
وہی پُر کیف سے لمحے
خُمارِ وصل کو اک تازگی دے کر
نئی اک زندگی دے کر
نئی خوشبو ہماری سانس میں
پیہم رچاتے ہیں
کبھی مرتے نہیں ہیں
خواب یہ اپنے
ہمیشہ زندہ رہتے ہیں۔۔۔!!!

دعا علی

www.duaalipoetry.com
duaali.poet@gmail.com

# ادھوری کہانی

چلو اب لوٹ چلتے ہیں
یہی پر ختم کرتے ہیں
ادھوری اس کہانی کو
گہن لگ جائے جب
جذبوں کی شدّت کو
شکستہ خواب آنکھوں میں
چبھیں جب کرچیاں بن کر
سبھی کلیاں کہ جن کو پھول بننا تھا
ہر اک کونپل کو برگ و بار بننا تھا
خزاں جانے کہاں سے اس کہانی میں چلی آئی
یہی بہتر ہے جاناں کے ادھوری اس کہانی کو
یہی پر ختم کرتے ہیں
چلو اب لوٹ چلتے ہیں۔۔۔!!!

دعا علی

46
کسی دن آؤ چپکے سے
لباس ماتمی پہنے وہ کالی رات
میرے گھر کی کھڑکی سے لپٹ
کر رات بھر روتی رہی ہے یوں
میرے سینے میں جیسے
تیری یادیں رویا کرتی ہیں
کسی دن آکے چپکے سے
میرے دل میں سما جاؤ
میری ان جھیل سی آنکھوں میں
بسیرا تم کرو سائیں
مجھے جس درد کی زنجیر نے جکڑا ہے برسوں سے
تم آکر توڑ دو سائیں
میرے ٹوٹے ہوئے دل کو
تم آکر جوڑ دو سائیں۔۔۔!!!
روحِ من
دعا علی
DUA ALI POETRY
DUA ALI POETRY
www.duaalipoetry.com
duaali.poet@gmail.com

# میں کیا لکھوں

آنکھیں لکھوں
یا خواب لکھوں
اشکوں کے تالاب لکھوں
ارماں جل کر راکھ ہوئے ہیں
دوست بنی ہے سسکی، تلخی
پہلو میں غم آ بیٹھے ہیں
صحرا میں ہم آ بیٹھے ہیں
سوگ لکھوں
یا روگ لکھوں میں
تیرے میرے
سنجوگ لکھوں میں

دعا علی

دل پر پڑتی ہے جو میرے
کیسے اب وہ
ضرب لکھوں میں
کیا کیا تم کو
بتاؤں ساجن
کیسے اپنا کرب لکھوں میں
خالی ہاتھوں رہتی ہوں میں
کچھ نہ لبوں سے
کہتی ہوں میں۔۔۔!!!

www.duaalipoetry.com
duaali.poet@gmail.com

49

# سنو جاناں

سنو جاناں
مجھے کچھ دیر سونا ہے
تری بانہوں کی بندش میں
تیری سانسوں کی گردش میں
نہ جانے کتنی صدیوں سے
میں جاگی ہوں
میں سونا چاہتی ہوں
سنو جاناں
مجھے ان وصل کے لمحوں میں
تیرے ساتھ رہنا ہے
مجھے کچھ دیر سونے دو
یونہی بانہوں کے گھیرے میں

دعا علی

www.duaalipoetry.com
duaali.poet@gmail.com

گلابی خواب دیکھے تھے
مری آنکھوں نے کچھ جاناں
مجھے ان خواب لمحوں کو
ذرا محسوس کرنے دو
اندھیری شب کی ویرانی
مری آنکھوں پہ بھاری تھی
خمار آلودیہ لمحے
مجھے محسوس کرنے دو
بدن کا کرب مٹ جائے
انھی بانہوں کے گھیرے میں
مجھے کچھ دیر سونے دو
مجھے کچھ دیر سونے دو...!!!

دعا علی